ایم کیوایم ملک میں جمہوری نظام کو جاری وساری دیکھنا چاہتی ہے۔سلیم شہزاد

ایم کیوایم کی پوری کوشش اورخواہش ہے کہ موجودہ جمہوری نظام کسی بھی صورت میں ڈی ریل نہ ہو

پاکستان کواس وقت دہشت گردی کا سامنا ہے،پوری قوم کودہشت گردی کے خلاف جنگ میں مسلح افواج کے شانہ بشانہ ہونا چاہیے

ملک کودہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے اپنی جانیں قربان کرنیوالے مسلح افواج کے بہادرافسروں اورجوانوں پرفخر ہے

ایم کیوایم پورے ملک کے غریب ومظلوم اورمتوسط طبقہ کی امیدوں کا مرکز بن چکی ہے

ایم کیوایم آسٹریلیا کے جنرل ورکرزاجلاس سے ٹیلیفون پرخطاب

لندن۔۔۔23 دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک میں جمہوری نظام کو جاری وساری دیکھنا چاہتی ہے اوراس کی پوری کوشش اورخواہش ہے کہ موجودہ جمہوری نظام کسی بھی صورت میں ڈی ریل نہ ہو۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم آسٹریلیا کے جنرل ورکرزاجلاس سے ٹیلیفون پرخطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں آسٹریلیا کے تمام یونٹوں کے ذمہ داروں اورکارکنوں نے شرکت کی۔اجلاس سے ایم کیوایم آسٹریلیا کے آرگنائزرافروزشاہین نے بھی خطاب کیا۔اجلاس سے اپنے خطاب میں ملک کی سیاسی صورتحال پرگفتگوکرتے ہوئے سلیم شہزاد نے کہا کہ ایک طویل جدوجہد کے بعدملک میں جمہوری حکومت کا قیام عمل میں آیا ہے اوراس کا جاری رہنا ملک اورجمہوریت کے مفاد میں ہے اورایم کیوایم یہ سمجھتی ہے کہ ایسا کوئی قدم اٹھایانہیں جانا چاہیے کہ جس سے موجودہ جمہوری نظام ڈی ریل ہو۔سلیم شہزاد نے کہا کہ پاکستان کواس وقت دہشت گردی کا سامنا ہے اورملک دشمن دہشت گرداسلام کے نام پرخودکش حملوں ،دھماکوں اوردہشت گردی کی دیگرکارروائیوں کے ذریعے پاک فوج کے،افسروں، جوانوں،پولیس اورسیکوریٹی فورسز کے اہلکاروں اورمعصوم وبے گناہ شہریوں کا خون بہارہے ہیں،مسلح افواج کے حساس مراکزکونشانہ بنارہے ہیں۔مسلح افواج ملک کودہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے اپنی جانیں قربان کررہی ہیں اورقوم کومسلح افواج کے ان بہادرافسروں اورجوانوں پرفخر ہے۔انہوں نے کہا کہ اس وقت پوری قوم کودہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں مسلح افواج کے شانہ بشانہ ہونا چاہیے۔سلیم شہزاد نے کہا کہ ماضی میں ایم کیوایم کے خلاف بہت پروپیگنڈے کئے گئے لیکن آج دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہوگیا ہے اورایم کیوایم پر بہتان اورالزامات لگانے والے آج خودکہہ رہے ہیں کہ ایم کیوایم پر جناح پوراوراس طرح کے تمام الزامات ڈرامہ تھے۔انہوں نے مزیدکہا کہ ایم کیوایم اس وقت پورے ملک کے غریب ومظلوم اورمتوسط طبقہ کی امیدوں کا مرکز بن چکی ہے اورچاروں صوبوں،گلگت بلتستان وقبائلی علاقہ جات اورآزادکشمیرکےعوام تیزی سے ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں۔سلیم شہزاد نے کارکنوں سے کہا کہ وہ موجودہ صورتحال میں تحریک کے پیغام کوتیزی سے پھیلائیں۔

☆☆☆☆☆